LHR-10-G2-20

رول نمبر_____________(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن2016-2018تا 2018-2020)

اردو (لازمی)    020- (دہم کلاس)    وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز)    PAPER CODE = 7026    کل نمبر : 15

(دوسرا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | سبق "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" میں مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی : | (A) پائیں باغ میں | (B) چٹیل میدان کی طرف | (C) باغ میں | (D) دریا کی سمت |
| 2 | نظم "مال گودام روڈ" میں شاعر نے کس سڑک کا مضحکہ اُڑایا ہے: | (A) مال روڈ | (B) طارق روڈ | (C) مال گودام روڈ | (D) بندر روڈ |
| 3 | گرامر کی رُو سے "نیک تر" کیا ہے : | (A) صفتِ بعض | (B) صفتِ نفسی | (C) صفتِ کل | (D) صفتِ نسبتی |
| 4 | "مدرسہ" کا درست تلفظ ہے : | (A) مَدَّرسَہ | (B) مَدرِسَہ | (C) مَدَرْسَہ | (D) مَدْرَسَہ |
| 5 | قدرت اللہ شہاب نے علی بخش کو ایک رات اپنے پاس کس شہر میں رکھا : | (A) لاہور | (B) سیالکوٹ | (C) ملتان | (D) جھنگ |
| 6 | "تم مت آؤ" میں گرامر کی رُو سے استعمال کیا گیا ہے : | (A) فعلِ امر | (B) فعلِ نہی | (C) فعلِ لازم | (D) فعلِ معروف |

(ورق اُلٹیے)



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7-1 | "سائیں سائیں" اور "کائیں کائیں" گرامر کی رُو سے ہیں: | (A) اسمِ مکبّر | (B) اسمِ مصغر | (C) اسمِ آلہ | (D) اسمِ صوت |
| 8 | پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں کیا ملا : | (A) روپیا پیسا | (B) جواہرات | (C) خلعت اور زیورات | (D) کنکر پتھر |
| 9 | سبق "مُلمّع" میں لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی : | (A) اٹھنی | (B) ایک روپیا | (C) پانچ کا نوٹ | (D) دس روپے |
| 10 | مرزا محمد سعید کے استاد ہے : | (A) پطرس | (B) محمود نظامی | (C) علامہ محمد اقبالؒ | (D) حامد علی خان |
| 11 | پاکستان نے بچھڑے ہوؤں اور بکھرے ہوؤں کو: | (A) ایک مرکز پر لا کھڑا کیا | (B) متحد کیا | (C) شاد کام کیا | (D) گھر دیا |
| 12 | "تعظیم" کا درست تلفظ ہے : | (A) تَعَظِیم | (B) تَعظِیم | (C) تَعَظِیْم | (D) تَعْظِیم |
| 13 | ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے : | (A) عجائب گھر | (B) کتاب خانہ | (C) قبرستان | (D) فوجی عجائب خانہ |
| 14 | چغل خور کون سا کام جانتا تھا : | (A) لکڑی کا | (B) معماری کا | (C) لوہے کا | (D) کھیتی باڑی کا |
| 15 | نظم "کسان" جوش کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے : | (A) حرف و حکایت | (B) شعلہ و شبنم | (C) جذباتِ فطرت | (D) سنبل و سلاسل |



ParhloPakistan.com

LHR-10-G2-20

رول نمبر ---------------- (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2016-2018 تا 2018-2020)

اردو (لازمی) — 020 - (دہم کلاس) — وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) — (دوسرا گروپ) — کل نمبر : 60

## (حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

**(حصہ نظم)**

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا
وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشت کار
ارتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

(iii) اس کی چھاتی پر کئی تانگے اُلٹ کر رہ گئے
سیکڑوں گھوڑوں کا اِس پر ہو چکا ہے انتقال

(iv) یہ سعادت حورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی
غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

**(حصہ غزل)**

(v) ترے رتبہ دانِ محبت کی حالت
ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(vi) مِل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا
ٹوٹ کر دل ، اُسی سے ملتا ہے

(vii) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام
کُنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

## (حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) مرزا صاحب دِلّی کے شرفا کے ایک متموّل خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ ترا ہا بیرم خان سے آگے بڑھ کر ایک راستہ سیدھے ہاتھ کو مڑ جاتا ہے، اس کے نکڑ پر مرزا صاحب کا آبائی مکان تھا۔ اسی علاقے میں سر سیّد احمد خاں کا قدیم مکان بھی تھا۔ سرسید سے بھی مرزا صاحب کی عزیز داری تھی۔

(ورق الٹئے)

202-020-II-(Essay Type)-120000



3- (ب) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسرُ المزاج تھا۔ اُس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی۔ اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دُنیا سے رخصت ہو گیا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) لڑکی اسٹیشن پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟
(ii) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟
(iii) سبق ''اُٹھ باندھ کمر کیوں ڈرتا ہے'' کے حوالے سے حکومت کی اوّلین ترجیح کیا ہے؟
(iv) لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجیے۔
(v) مرزا غالب کے تیسرے خط میں مجتہد العصر سے کون سی شخصیت مراد ہے؟
(vi) فاطمہ بنت عبداللہ کون تھی؟
(vii) نظم ''کسان'' کے مطابق نبضِ خاک پر انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟
(viii) جگر کی غزل کے مطابق ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مرزا محمد سعید ۔ (ii) چغل خور ۔ 5

6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) چاندنی رات ۔ (ii) سائنس کے کرشمے ۔ (iii) سیلاب کی تباہ کاریاں ۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے : 10

ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے اور ہمیشہ سے چلی آتی ہے۔ جہاں تک مجھے اُن سے گفت گو کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور اُن کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ مولانا اس عیب سے بَری معلوم ہوتے ہیں۔ محمد حسین آزاد نے مولانا شبلی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابلِ تعریف تھیں ان کی دل کھول کر داد دی ہے۔ مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ لاہور میں کرنل ہالرائیڈ کی زیرِ ہدایت جو جدید رنگ کے مشاعرے ہوئے اُن میں آزاد اور حالی دونوں نے طبع آزمائی کی۔ 'برکھا رُت' 'حبِ وطن' 'نشاطِ امید' اسی زمانے کی نظمیں ہیں۔ آزاد اپنے رنگ میں بے مثل نثّار ہیں، مگر شعر کے کوچے میں اُن کا قدم نہیں اُٹھتا۔ لیکن مولانا کی انصاف پسندی ملاحظہ کیجیے کہ کیسے صاف لفظوں میں اس نئی تحریک کا سہرا آزاد کے سر باندھا ہے۔

سوالات : (i) مولانا کس عیب سے بری تھے؟ (ii) جدید رنگ کے مشاعروں میں کس قسم کی نظمیں پڑھی جاتی تھیں؟ (iii) 'نثّار' کے معنی لکھیے۔ (iv) ''مگر شعر کے کوچے میں اُن کا قدم نہیں اُٹھتا'' کے معنی بتائیے۔ (v) داد دینا کے معنی لکھیے۔

ParhloPakistan.com